## سوال

(936) عورتوں کے لیے سفید لباس کا کیا حکم ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورتوں کے لیے سفید لباس کا کیا حکم ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

علمائے کرام نے صراحت کی ہے کہ اگر ملک میں سفید لباس بالخصوص مردوں کی عادت اور خصوصیت ہو تو عورت کو یہ (سفید لباس) پہننا جائز نہیں ہے، کیونکہ اس میں اس کی مردوں کے ساتھ مشابہت ہوگی۔ واللہ اعلم۔ جبکہ فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ سے منقول ہے کہ سفید لباس میں کوئی حرج نہیں ہے بشرطیکہ اس کی کٹائی اور سلائی وغیرہ مردوں سے مختلف ہو کیونکہ ان چیزوں میں اصل ''جواز'' ہے۔ اس کے علاوہ ایک شرط اور بھی ہے کہ عورت یہ لباس پہن کر بازار بھی نہ جائے، کیونکہ اس میں زینت کا اظہار ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

### صفحہ نمبر 669

### محدث فتویٰ